## ہالا ناکہ کے مقام پر ہونیوالے دھماکے کے نتیجے میں درجنوں افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے کا واقعہ بڑا سانحہ ہے، الطاف حسین
## حق پرست منتخب نمائندگان، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان امدادی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں

لندن۔۔۔28، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہالا ناکہ حیدرآباد میں ٹرک میں ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں درجنوں افراد کے ہلاک اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہالا ناکہ کے مقام پر ہونیوالے دھماکے کے نتیجے میں درجنوں افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے کا واقعہ ایک بڑا سانحہ ہے جس پر ہر دردمند دل رکھنے والا انسان دکھی ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ اس قسم کے سانحات کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ جناب الطاف حسین نے ٹرک میں ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔انہوں نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے حیدرآباد کے حق پرست نمائندگان، ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ امدادی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں اور زخمیوں کی زندگی کے تحفظ کیلئے خون کے عطیات دیں۔

## حیدرآباد ہالا ناکہ دھماکہ، ایم کیوایم اوراس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں
## زخمیوں کو کے کے ایف کی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال پہنچایا اور خون کے عطیات دیئے

حیدرآباد۔۔۔28، جون 2010

حیدرآباد میں ہالا ناکہ کے مقام پرٹرک میں ہونے والے دھماکہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست عوامی نمائندے اورایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان جائے حادثہ پرپہنچ گئے جہاں انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔تفصیلات کے مطابق حق پرست صوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اورایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے ارکان نے ہالا ناکہ کے مقام پر جائے حادثہ کا دورہ کیا، متاثرین سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسیں، رضا کار اورایم کیوایم حیدرآباد زون کے کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے دھماکے کے نتیجے میں زخمی ہونے والے افراد کو کے کے ایف کی ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال حیدرآباد پہنچایا اور زخمیوں کے لئے خون کے عطیات دیئے۔ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

## علماء اورعوام اپنے اتحاد سے فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنادیں، رابطہ کمیٹی
## ایم کیوایم کے ہمدرد ساجد حسین سمیت تمام بے گناہ شہریوں کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے
## رابطہ کمیٹی کا ساجد حسین کے سوگواران سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی جارہی ہے اور کراچی کے مختلف علاقوں میں بے گناہ افراد کا قتل فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کا حصہ ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے کراچی کا امن غارت کرنا چاہتے ہیں اوراس مقصد کے لئے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے تاکہ کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی آگ بھڑکا کر شہر کا امن خراب کیا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے تمام مکاتب فکر کے علماء اورعوام سے اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کی سازش سے ہوشیار رہیں، سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور اپنے اتحاد سے فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم ناظم آباد کے ہمدرد ساجد حسین سمیت جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ساجد حسین سمیت تمام بے گناہ شہریوں کے قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے اور کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کے ذمہ دار عناصر کیخلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار رندھاوا اور سیف یار خان نے جناب الطاف حسین کی جانب سے ملتان پریس کلب کیلئے پانچ لاکھ روپے کا چیک پریس کلب کے صدر شکیل انجم کو پیش کیا

ملتان۔۔۔28، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور سیف یار خان نے ملتان پریس کلب کے صدر شکیل انجم سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے ملتان پریس کلب کیلئے پانچ لاکھ روپے کا چیک پیش کیا، بعدازاں انہوں نے پریس کلب کے صدر کے ہمراہ پریس کلب کا دورہ بھی کیا۔ شکیل انجم نے چیک وصول کیا اور اپنی اور پریس کلب کی انتظامیہ کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم ملتان کے زونل کمیٹی کے انچارج کرامت علی وزونل کمیٹی کے اراکین اور پریس کلب کے ممبران بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ دنوں ملتان پریس کلب کے اراکین کراچی نائن زیرو دورے کے موقع پر پریس کلب کیلئے پانچ لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا تھا۔

## روزمرہ استعمال کی اشیاء غریب عوام کی پہنچ سے دور ہوگئی ہے، ارکان سندھ اسمبلی غریب عوام کو ریلیف دینے کیلئے حکومتی سطح پر انقلابی اقدامات کیے جائیں

کراچی۔۔۔28، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ غربت اور مہنگائی کے باعث روزمرہ استعمال کی اشیاء غریب عوام کی قوت خرید سے باہر ہوچکی ہے اور عوام کو ریلیف دینے کیلئے حکومتی سطح پر انقلابی اقدامات کی ضرورت ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ غربت، بے روزگاری اور آسمان سے باتیں کرتی مہنگائی کے باعث ملک بھر کے غریب طبقہ کیلئے دووقت کی روٹی کا حصول مشکل بن چکا ہے اور غریب عوام اپنے بچوں سمیت خودکشی کرنے پر مجبور ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں بجلی گیس اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کے بعد چینی کے مصنوعی قلت اور مہنگے داموں فروخت کی اطلاعات انتہائی تشویشناک ہیں جس کا نوٹس لینا اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف قانونی کارروائی کرنا حکومت کا بنیادی فرض ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سندھ میں غریب عوام کو مہنگائی اور بے روزگاری کے عذاب سے نجات دلائی جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے سرکاری سطح پر انقلابی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## صابر سومرو کے قتل کی تحقیقات کی جائے، طیب حسین اور وسیم حسین

کراچی۔۔۔28، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان اسمبلی طیب حسین اور وسیم حسین نے دادو کے رہائشی صابر سومرو کے قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا ظہار کیا ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اخباری اطلاعات کے مطابق صابر سومرو کو چار ماہ قبل پولیس نے گرفتار کیا تھا اور اس کی گرفتاری ظاہر نہیں کی گئی تھی۔ حق پرست اراکین اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم سید یوسف گیلانی سے مطالبہ کیا کہ صابر سومرو کے قتل کے واقعے کی غیر جانبدارنہ تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو سخت ترین سزا دی جائے۔ انہوں نے صابر سومرو کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا بھی اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆